بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حرفِ اول

"حکمت قرآن" بنیادی طور پر ایک اردو جریدہ ہے۔ اس میں انگریزی سیکشن کا آغاز اگست ۹۳ء میں ہوا۔ وجہ اس کی یہ تھی کہ ہمیں بعض نہایت قیمتی مضامین بزبان انگریزی موصول ہوئے جنہیں قارئین تک پہنچانا ضروری خیال کیا گیا۔ پہلے ارادہ یہ تھا کہ ان مضامین کو اردو زبان کے قالب میں ڈھالا جائے' لیکن یہ دیکھتے ہوئے کہ بعض مضامین میں ایسے تکنیکی موضوعات زیر بحث آئے ہیں اور ایسی اصطلاحات استعمال کی گئی ہیں کہ ان کا اردو ترجمہ اصل انگریزی متن سے بھی زیادہ ثقیل ہو جائے گا' یہی فیصلہ کیا گیا کہ انہیں ان کی اصل صورت میں ہی شائع کیا جائے اور "حکمت قرآن" کے کچھ صفحات مستقلاً انگریزی مضامین کے لئے مخصوص کر دیئے جائیں۔ اس کا ایک اضافی فائدہ یہ ہوا کہ صدر موسس محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کی بعض ان تحریروں کا بھی جو فکری اور دعوتی نقطہ نگاہ سے نہایت اہمیت کی حامل ہیں' انگریزی ترجمہ "حکمت قرآن" کے انگریزی سیکشن کے ذریعے ہدیہ قارئین کیا جاتا رہا۔

تاہم اب چونکہ اللہ کی تائید و توفیق سے قرآن اکیڈمی میں نہ صرف یہ کہ ایک انگریزی سیکشن کا باقاعدہ قیام عمل میں آ چکا ہے بلکہ اس کے تحت سال رواں کے اوائل سے بحمد اللہ ایک سہ ماہی انگریزی جریدے "The Quranic Horizons" کا اجراء بھی ہو چکا ہے لہٰذا اب ہماری رائے میں "حکمت قرآن" میں انگریزی سیکشن کا برقرار رہنا غیر ضروری ہے۔ حکمت قرآن کے گزشتہ شمارے میں سلسلہ وار انگریزی مضمون "Lessons from History" کی آخری قسط شائع ہو گئی ہے۔ ہمیں اسی مضمون کی تکمیل کا انتظار تھا' زیر نظر شمارے سے انگریزی مضامین کی اشاعت کا سلسلہ بند کیا جا رہا ہے۔

تاہم ہمارے قارئین میں شامل انگریزی دان طبقے سے ہماری گزارش ہے کہ وہ ہمارے مذکورہ بالا انگریزی جریدے کو ضرور اپنے مطالعے میں لائیں۔ بحمد اللہ "The Quranic Horizons" کے تین شمارے اشاعت پذیر ہو چکے ہیں۔ ہمیں یقین ہے کہ ہمارے قارئین اسے ظاہری ہی نہیں معنوی حسن کا بھی ایک عمدہ مرقع پائیں گے۔ ○○